Shabbir / Fazil

**11-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی، آج گجرات میں سومناتھ اَمرت پَرو میں شرکت کریں گے۔ وہ وڈودرا میں، سردار دھام ہوسٹل کا افتتاح بھی کریں گے۔

2- آسام کے گورنر نے، ہیمنت بِسوا سرما کو، ریاست میں نئی حکومت کی تشکیل کی دعوت دی ہے۔

3- مغربی بنگال کے وزیر اعلیٰ سُویندو ادھیکاری، آج کولکاتہ میں، نابنّا کے مقام پر اپنی پہلی کابینہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- اتراکھنڈ انتظامیہ نے، چار دھام یاتریوں اور سیاحوں سے کہا ہے کہ وہ موسم کی خراب صورتحال کے دوران، چوکنّا رہیں اور حفاظت کے ساتھ سفر کریں۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، ایران کی امن تجویز کے تئیں، ایران کے جواب کو، پوری طرح ناقابلِ قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔

6- اور فٹ بال میں آج Suzhou میں، 17 سال تک کی عمر کی خواتین کے AFC ایشیائی کپ میں، اہم کوارٹر فائنل میچ میں، بھارت کا مقابلہ میزبان چین سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Fuel Consumption

وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیاء بحران کے دوران شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ ایک سال تک سونا نہ خریدیں، ایندھن کا کم استعمال کریں اور غیر ملکی زرِ مبادلہ کی بچت کریں۔ حیدرآباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے Work from Home کے طریقے کو ایک بار پھر اپنائیں۔

یہ رائے زنی کئی ملکوں میں، ایندھن کی ریکارڈ اونچی قیمتوں کے تناظر میں کی گئی ہے۔ وزیر اعظم نے یہ اپیل ایسے وقت کی ہے، جب خام تیل کی عالمی قیمتوں میں، مغربی ایشیاء میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور آبنائے ہُرمز میں رکاوٹوں کی وجہ سے اضافہ ہو گیا ہے۔

S/B - PM Gold

وزیر اعظم نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بے دھڑک اخراجات پر غور کریں، کیونکہ ملک کو توانائی کی عالمی قیمتوں کے اضافے سے، اقتصادی دباؤ کا سامنا ہے۔

وزیر اعظم مودی نے شہریوں سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ خوردنی تیل کا بھی استعمال کم کریں۔ انہوں نے کسانوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بیرونِ ملک سے درآمد کی گئی کیمیاوی کھادوں پر انحصار کم کریں۔×

PM Somnath Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج سومناتھ اَمرت پَرو 2026 میں شرکت کریں گے۔ یہ تقریب پہلے جیوتر لِنگ، سومناتھ مہادیو مندر کی تعمیرِ نو کے 75 سال پورے ہونے کے موقعے پر منائی جا رہی ہے۔

جناب مودی، بھگوان سومناتھ کی پوجا ارچنا کریں گے، کُمبھا بِھشیک رسم ادا کریں گے اور بعد میں عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔ ایک روڈ شو کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل اور نائب وزیر اعلیٰ ہرش سانگھوی بھی موجود ہوں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Mayur Solanki

وزیر اعظم نریندر مودی، جام نگر سے سومناتھ، فضائی راستے سے پہنچیں گے۔ وہ ہیلی پیڈ پہنچنے کے بعد ایک روڈ شو کے دوران عوام کو مبارکباد بھی دیں گے۔ اِس روڈ شو کا انعقاد، ویر ہمیر جی گوہل سرکل تک کیا گیا ہے۔

اِس کے بعد وزیر اعظم، سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کریں گے، جنہوں نے سومناتھ مندر کو نئے سِرے سے تعمیر کرنے کا تصور پیش کیا تھا۔ اِس موقعے پر بھارتی فضائیہ کی، ایروبیٹک ٹیم سوریہ کِرن، سومناتھ کی فضا میں ایک سنسنی خیز ایئر شو پیش کرے گی۔ اِس موقعے پر وزیر اعظم ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔ وہ ایک خصوصی یادگاری ڈاک ٹکٹ اور 75 روپے کا ایک خصوصی یادگاری سکّہ بھی جاری کریں گے۔

سومناتھ سے مَیور سولنکی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Assam Himanta Govt

آسام کے گورنر لکشمن پرساد آچاریہ نے ریاست میں NDA کی لگاتار تیسری مدتِ کار کیلئے راہ ہموار کرتے ہوئے منتخب وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما کو نئی حکومت تشکیل دینے کیلئے مدعو کیا ہے۔ BJP کی قیادت والی NDA قانون ساز پارٹی کا متفقہ طور سے لیڈر منتخب ہونے کے بعد جناب سرما نے اتحادی پارٹیوں کے لیڈروں کے ساتھ لوک بھون میں گورنر سے ملاقات کی اور باضابطہ طور پر حکومت تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا۔

گورنر موصوف، جناب سرما اور وزراء کونسل کے نئے ممبروں کو کل عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔ حلف برداری کی تقریب Khanapara کے Veterinary کالج پلے گراؤنڈ میں منعقد کی جائے گی۔ توقع ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور BJP کے صدر نتن نبین کے علاوہ دیگر معززین اس میں شرکت کریں گے۔x

WB Council of Ministers

مغربی بنگال کے وزیر اعلیٰ سُویندھو ادھیکاری آج نابنّا میں ریاستی سکریٹیریٹ میں وزیروں کی کونسل کی ایک میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sandipan

کل حلف برداری کی تقریب منعقد ہوگئی، جس کے بعد اب مغربی بنگال کی نئی سرکار اپنی انتظامیہ کا سفر شروع کرنے کو تیار ہے۔ وزیر اعلیٰ سُویندو ادھیکاری آج نابنّا میں اپنی پہلی کابینہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ امکان ہے کہ میٹنگ میں، اُن پانچ نئے وزیروں کے قلمدان مختص کیے جائیں، جنہیں کل حلف دلایا گیا ہے۔ممکن ہے کہ دیگر محکموں کے بارے میں بھی کوئی فیصلہ کیا جائے۔ ذرائع نے کہا ہے کہ BJP کے انتخابی وعدے، ایجنڈے میں سرِ فہرست رہیں گے، جن میں آیوشمان بھارت، صحت اسکیم اور انّ پورنا بھنڈار شروع کیا جانا اور ریاستی ملازمین کیلئے ساتویں تنخواہ کمیشن پر عمل درآمد شامل ہے۔

آج وزیر اعلیٰ، انتظامیہ کے کام کاج کی رفتار اور نظم و ضبط کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے سکریٹریز، ضلع مجسٹریٹس اور سینئر پولیس افسران سے بھی ملاقات کریں گے۔

BJP کے نو منتخبہ قانون ساز ارکان سے بھی کہا گیا ہے کہ وہ اِس میٹنگ میں شرکت کریں۔

کولکاتہ سے سندیپن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

اسی دوران کانگریس اور بائیں بازو کی پارٹیوں نے، BJP کے خلاف ایک متحد اپوزیشن محاذ کی، TMC سربراہ ممتا بنرجی کی اپیل کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔محترمہ بنرجی نے ایک ویڈیو پیغام میں، کانگریس، CPIM اور انتہائی بائیں بازو گروپوں سمیت، سبھی اپوزیشن طاقتوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بقول اُن کے، سب سے پہلے دشمن کے خلاف یکجہت ہو جائیں۔ کانگریس ترجمان سومیہ Aich رائے نے اِس اپیل کو مسترد کر دیا۔ انہوں نے ممتا بنرجی کی طرف سے انتہائی بائیں بازوں کے گروپوں کے ذکر اور 2013 میں کانگریس کارکنوں کے خلاف ماؤ نوازوں کے تشدد کو یاد کرنے پر سوال اُٹھایا ہے۔ CPIM کے ریاستی سکریٹری محمد سلیم نے بھی اِس تجویز کو پوری طرح مسترد کر دیا ہے اور محترمہ بنرجی کو ایک بدعنوان اور فرقہ پرست شخصیت قرار دیا ہے۔

CPI کے ریاستی سکریٹری سَوپن بنداُپادھیائے نے بھی کہا ہے کہ ممتا کے ساتھ ہاتھ ملانے کا کوئی سوال ہی نہیں ہے۔ انہوں نے اُنہیں من مانے طور پر کام کرنے والی اور غیر جمہوری شخصیت قرار دیا ہے۔
CPIML لبریشن کے ابھجیت مجومدار نے بھی ترنمول کانگریس کو، ایک دائیں بازو کی تحکمانہ پارٹی کہا ہے۔ ×

TN Assembly Session

تمل ناڈو میں، نو منتخب اسمبلی کا پہلا اجلاس آج سے شروع ہوگا۔ عبوری اسپیکر MV Karuppaiah نئے منتخب MLAs کو حلف دلائیں گے۔ ممبران کے حلف لینے کے بعد آج یا کل اسپیکر کا انتخاب کیا جائے گا۔
TVK سربراہ سی جوزف وجے کی قیادت والی نئ حکومت کو اس مہینے کی 13 تاریخ سے پہلے اپنی اکثریت ثابت کرنا ہوگی۔x

Shah Tech Day

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج ٹیکنالوجی کے قومی دن کے موقع پر ٹیکنالوجی ماہرین اور جدید ٹیکنالوجی سے واقف نوجوانوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ حکومت یکسر تبدیلی لانے والے مختلف اقدامات اور اختراعی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر بھارت کی ترقی کو آگے بڑھا رہی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ دن ہر شخص کو ملک کے عظیم سفر کو مزید تیز کرنے اور اپنی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دے گا۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

India Renewable Energy

بھارت اب قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت کے لحاظ سے دنیا میں تیسرے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ مورگن اسٹینلے کی ایک نئ رپورٹ کے مطابق، بھارت کی قابلِ تجدید توانائی کی جانب منتقلی بیرونی انحصار کم کرنے میں مدد فراہم کرے گی، تاہم اس کی کامیابی اس بات پر منحصر ہوگی کہ ملک شمسی سیلز، Wafers اور Polysilicon جیسے اہم شعبوں کو کتنی تیزی سے مقامی سطح پر فروغ دیتا ہے۔
نئ اور قابلِ تجدید توانائی کی وزارت کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں سولر ماڈیول کی پیداوار کی صلاحیت مارچ 2024 میں 38 گیگاواٹ سے بڑھ کر مارچ 2025 میں تقریباً دوگنی ہو کر 74 گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔
اسی طرح سولر سیل کی صلاحیت بھی 9 گیگاواٹ سے بڑھ کر 25 گیگاواٹ ہو گئی ہے۔x

UK Char Dham Yatra

اتراکھنڈ انتظامیہ نے چار دھام یاترا کے یاتریوں اور سیاحوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پہاڑی ریاست میں موسم کے خراب حالات کے پیشِ نظر محتاط رہیں اور محفوظ طریقے سے سفر کریں۔ بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اتراکھنڈ کے مختلف علاقوں خصوصاً پہاڑی خطے میں کل اور پرسوں بارش اور خراب موسم کے امکان کے تناظر میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ خراب موسم کو مدِّنظر رکھتے ہوئے گڑھوال ڈویژن کے کمشنر وِنے شنکر پانڈے نے عقیدتمندوں اور سیاحوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے سفر کے دوران موسم سے متعلق تازہ ترین معلومات حاصل کرتے رہیں اور انتہائی احتیاط کے ساتھ اپنی یاترا کی منصوبہ بندی کریں۔x

Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے '' آگ سے حفاظت کے بارے میں بیداری: خطرات کو کم کرنا اور قدرتی آفات کی روک تھام'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، وزارتِ داخلہ میں فائر ایڈوائزر پرشانت لونکر اور دلّی فائر سروسز میں ڈائریکٹر اَتُل گرگ کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

US Iran Conflict

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی تازہ ترین امن تجویز کو پوری طرح ناقابلِ قبول قرار دیا ہے، البتہ مغربی ایشیاء میں کئی مہینے سے جاری محاذ آرائی کے خاتمے کیلئے ایک معاہدے کی کوششیں جاری ہیں۔

صدر ٹرمپ نے، ٹرتھ سوشل پر لکھا ہے کہ انہوں نے ایران کے جواب کو پڑھا ہے، جو اُن کے بقول ایران کے نام نہاد نمائندوں کی طرف سے آیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Ashish

اِس سے پہلے ایران نے کہا تھا کہ اُس نے امریکہ کی تازہ ترین تجویز کے تئیں، جس کا مقصد مغربی ایشیاء میں تنازعے کو ختم کرنا ہے، اپنا جواب بھیج دیا ہے۔ یہ جواب پاکستان کے ذریعے بھیجا گیا ہے، جو ایران اور امریکہ کے درمیان ایک ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔

ایران کی ISNA خبر ایجنسی نے کہا کہ ایران کے جواب میں تنازعے کے خاتمے اور آبنائے ہُرمز میں سمندری علاقے کی سلامتی کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، جو تیل لے جانے والے جہازوں کا ایک اہم عالمی راستہ ہے۔ ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے کہا کہ مغرب کے ساتھ مذاکرات کو، ہتھیار ڈال دینے یا فوج واپس بلانے کے نظریے سے نہیں دیکھا جانا چاہیے۔

اسی دوران اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے ایران کی طرف سے جواب دیے جانے کے بعد کل رات صدر ٹرمپ سے بات چیت کی۔ نیتن یاہو نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے ایران کی افزودہ یورینیم کے ذخیرے کو ختم کرنے کی ضرورت سے اتفاق کیا، جو مذاکرات کا ایک اہم موضوع ہے۔

صدر ٹرمپ نے فوجی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے ایران کو، فوجی طور پر شکست خوردہ قرار دیا اور دعویٰ کیا کہ ایران کی دفاعی اور حملہ کرنے کی صلاحیتوں کو، منظّم طریقے سے ختم کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ، ایران کے طاقتور یورینیم ذخیرے پر قریبی نظر رکھ رہا ہے۔

اسی دوران خلیج خطّے میں کشیدگی جاری ہے۔ ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر آبنائے ہُرمز میں امریکی بحری کارروائی کے ساتھ ساتھ فرانس اور برطانیہ کے جنگی جہازوں کو تعینات کیا گیا، تو ایک فیصلہ کُن اور فوری جواب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

فرانس کے حکام نے تصدیق کی ہے کہ نیوکلیائی طاقت والا طیارہ بردار جہاز Charles de Gaulle، خطّے کی طرف بڑھ رہا ہے۔ یہ جہاز فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں اور برطانیہ کے وزیراعظم کیر اسٹارمر کی قیادت والی کوششوں کے حصے کے طور پر آگے بڑھ رہا ہے، تاکہ آبنائے ہُرمز میں جہازوں کی نقل و حرکت کو بحال کیا جا سکے۔

نیوز ڈیسک سے آشیش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

IMD Weather

بھارتی موسمیاتی کے محکمہ IMD نے آج گجرات اور راجستھان کے علاقوں میں گرم لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ آئندہ 3 سے 4 دن گرم لہر کے جاری رہے گی۔

دن کے دوران، کونکن اور گوا کے علاقوں میں گرم اور حبس رہنے کا امکان ہے، جبکہ راجستھان میں رات کے وقت موسم گرم رہے گا۔

موسمیاتی محکمے نے آج آسام، میگھالیہ، کیرالم، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل کے علاقوں میں بھاری بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ ساتھ ہی، جموں و کشمیر، لداخ، دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب میں آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

محکمے نے آج راجستھان کے علاقوں میں دھول بھری آندھی کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

Football U-17'

فٹ بال میں آج Suzhou کے مقام پر 17 سال کی عمر تک کے خواتین AFC ایشین کپ کے کوارٹر فائنل میں بھارت کا مقابلہ میزبان چین سے ہوگا۔

اِس میچ میں کامیابی سے بھارت کو 17 سال کی عمر تک کی خواتین فیفا ورلڈ کے لئے کوالیفائی کرلے گا، جو خواتین فٹبال میں میرٹ کی بنیاد پر فیفا ورلڈ کپ کیلئے پہلی تاریخی رسائی ہوگی۔x

Football U-17 Asian Cup

فٹبال میں، بھارت کو کل جدہ میں 17 سال کی عمر تک کے AFC ایشین کپ کے گروپ ڈی کے اپنے دوسرے میچ میں ازبکستان کے ہاتھوں صفر کے مقابلے تین گول سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس ہار کے ساتھ ہی بھارت کی 17 سال کی عمر تک کے فیفا ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کرنے کی امیدیں ختم ہوگئی ہیں۔

ازبکستان کی جانب سے Laziz Abduraimov نے 32ویں منٹ میں جبکہ Akhrorbek Ravshanbekov نے 78ویں منٹ میں گول کیا۔ اس کے علاوہ بھارتی مڈفیلڈر Wangkhem Denny Sing نے 60ویں منٹ میں غلطی سے اپنے ہی گول میں گیند پہنچا دی، جس سے ازبکستان کی فتح یقینی ہوگئی۔

بھارت کو کوارٹر فائنل میں جگہ بنانے اور 2026 کے 17 سال کی عمر تک کے فیفا ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے اس میچ میں جیت ضروری تھی۔

Biblano Fernandes کی کوچنگ میں کھیلنے والی بھارتی ٹیم اس سے قبل 6 تاریخ کو اپنے پہلے میچ میں آسٹریلیا سے صفر کے مقابلے چار گول سے ہار چکی تھی۔

ہر گروپ سے صرف دو سرفہرست ٹیمیں کوارٹر فائنل میں پہنچتی ہیں اور 17 سال کی عمر تک کے فیفا ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کرتی ہیں۔ بھارت آخری مرتبہ 2017 میں میزبان کی حیثیت سے اس ٹورنامنٹ میں شامل ہوا تھا۔x

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، کل رات جے پور میں ایک بیحد دلچسپ مقابلے میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے ممبئ انڈینس کو 2 وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس سے پہلے رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ممبئ انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں سات وکٹ پر 166 رن بنائے۔ تلک ورما نے 42 گیندوں میں 57 رن بنائے۔ بینگلورو کی جانب سے بھونیشور کمار نے چار وکٹ لے کر Purple Cap حاصل کیا۔

جواب میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے میچ کی آخری گیند پر جیت کا نشانہ حاصل کرلیا۔ Krunal پانڈیا نے سب سے زیادہ 73 رن بنائے۔ بھونیشور کمار کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج دھرم شالہ کے ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیئم میں پنجاب کنگس کا سامنا ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

Asian Weightlifting Championship

بھارت آج سے گجرات کے گاندھی نگر میں ایشیائی ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ 2026 کی میزبانی کیلئے تیار ہے۔ ملک 44 برس میں پہلی بار اس تقریب کی میزبانی کر رہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Sanyukta

آج سے شروع ہونے والی ویٹ لفٹنگ کی یہ عظیم الشان تقریب اس مہینے کی 17 تاریخ کو اختتام پذیر ہوگی۔ 28 ملکوں کے تقریباً 180 کھلاڑی ایشیا کی سب سے بڑی سالانہ تقریبوں میں سے ایک میں مقابلہ آرائی کریں گے۔ مذکورہ چیمپئن شپ آئندہ دولت مشترکہ کھیلوں اور ایشیائی گیمز کیلئے کوالیفائی کرنے میں بھی مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔

بھارت، چین اور سری لنکا سے سب سے بڑی تعداد میں ویٹ لفٹرس اس چیمپئن شپ میں شامل ہوں گے۔ ان ملکوں سے 16-16 جبکہ چینی Taipei سے 15 کھلاڑی چیمپئن شپ میں مقابلہ کریں گے۔

بھارتی مہم کی قیادت Bindyarani Devi، Ajith Narayana، Nirupama، Lovepreet Singh اور Bedabarat Bharali جیسے آزمودہ کار لفٹرس کریں گے۔

حالانکہ، اولمپک سِلور میڈل یافتہ Saikhom Mirabai Chanu چوٹ کی وجہ سے چیمپئن شپ میں حصہ نہیں لیں گی۔ بھارتی لفٹرس شاندار کارکردگی کی کوشش کریں گے۔

Sanyukta Yadav کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

Aap Cm Delhi Visit

آندھرا پردیش کے وزیرِ اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو کا آج نئی دلی آنے کا پروگرام ہے، جہاں وہ آندھرا پردیش سے متعلق اہم امور پر مرکزی وزراء اور سینئر حکام کے ساتھ کئی میٹنگیں کریں گے۔

جناب نائیڈو مرکزی وزراء امت شاہ اور سی۔آر۔پاٹل سے ملاقات کریں گے، جس میں بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں، مرکزی امداد اور ریاست کیلئے فنڈس پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

عالمی بینک کے نمائندے بھی وزیرِ اعلیٰ سے ملاقات کریں گے۔ بعد میں وہ قومی راجدھانی میں CII بزنس سمٹ میں شرکت کریں گے۔

جناب نائیڈو ایس۔مہیندر دیو سمیت نیتی آیوگ کے اراکین سے ملاقات کریں گے اور ریاست کی ترقیاتی اور معاشی ترجیحات پر گفتگو کریں گے۔x

MP Cheetah

مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو آج گوالیر چمبل خطے میں واقع Kuno نیشنل پارک میں 2 چیتوں کو چھوڑیں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ستمبر 2022 میں مذکورہ پارک میں Namibia سے لائے گئے 8 چیتوں کو چھوڑ کر پروجیکٹ چیتا کا آغاز کیا تھا۔

یہ ایک براعظم سے دوسرے براعظم میں چیتوں کو منتقل کرنے کا دنیا کا پہلا پروجیکٹ تھا۔ اِس کے بعد 2023 میں جنوبی افریقہ سے 12 چیتے لائے گئے۔ اِسی طرح اِس سال فروری میں Botswana سے 9 اور چیتے لائے گئے۔x

Hantavirus Indians

اسپین کے شہر مُڈرِڈ میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ دو بھارتی شہری، جو ہنٹا وائرس سے متاثرہ ایک سیاحتی جہاز میں سوار تھے، محفوظ ہیں اور اُن میں اِس وائرس کی کوئی علامت نہیں پائی گئی ہے۔

جرمنی کا پرچم بردار جہاز MV Hondius اِن دو بھارتی باشندوں سمیت تقریباً 150 افراد کو لے جا رہا تھا، جو کل اسپین پہنچا۔ اِس جہاز کو اِس وبا کے پھوٹ پڑنے کے بعد کینری جزیروں سے کچھ دور لنگر انداز کر دیا گیا ہے۔

سفارتخانے کے مطابق اِن مسافروں کو، عالمی صحت تنظیم اور اسپین کے حکام کی طرف سے جاری پروٹوکول کے مطابق جہاز سے اُتار دیا گیا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر
شکریہ ۔اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخباروں نے وزیراعظم کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ عوام پیٹرول، ڈیزل اور گیس کا استعمال کفایت شعاری سے کریں۔ وزیراعظم نے یہ بات حیدرآباد میں 5 ہزار 400 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کے افتتاح کی تقریب میں کہی۔

تمل ناڈو میں نومنتخب وزیراعلیٰ اور TVK کے سربراہ وجے کی حلف برداری سے متعلق خبر بھی اخباروں میں مشترکہ طور پر نمایاں ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی اس حوالہ سے سرخی ہے: TVK چیف کے علاوہ 9 دیگر اراکین اسمبلی کی بھی حلف برداری، کئی بڑی شخصیات کی تقریب میں شرکت۔

UP کابینہ میں توسیع سے متعلق خبر کو بھی سبھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے کہ UP کابینہ میں توسیع، 6 نئے وزراء شامل، دو نئے وزراء کا پرموشن، ایک بار پھر بطور وزیراعلیٰ آسام ہیمنت بسوا سرما 12 مئی کو حلف لیں گے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ دیگر اخباروں میں بھی اس خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔

ممتا بنرجی نے اپوزیشن اتحاد کے مشترکہ پلیٹ فارم پر زور دیا۔ یہ خبر روزنامہ انقلاب میں نمایاں ہے۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ امریکہ اور ایران کے درمیان معاہدہ میں نئی پیش رفت، 14 نکاتی منصوبہ منظر عام پر۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی، آج گجرات میں سومناتھ اَمرت پَرو میں شرکت کریں گے۔ وہ وڈودرا میں، سردار دھام ہوسٹل کا افتتاح بھی کریں گے۔

2- آسام کے گورنر نے، ہیمنت بِسوا سرما کو، ریاست میں نئی حکومت کی تشکیل کی دعوت دی ہے۔

3- مغربی بنگال کے وزیر اعلیٰ سُویندو ادھیکاری، آج کولکاتہ میں، نابَنّا کے مقام پر اپنی پہلی کابینہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- اتراکھنڈ انتظامیہ نے، چار دھام یاتریوں اور سیاحوں سے کہا ہے کہ وہ موسم کی خراب صورتحال کے دوران، چوکنّا رہیں اور حفاظت کے ساتھ سفر کریں۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، ایران کی امن تجویز کے تئیں، ایران کے جواب کو، پوری طرح ناقابلِ قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔

6- اور فٹ بال میں آج Suzhou میں، 17 سال تک کی عمر کی خواتین کے AFC ایشیائی کپ میں، اہم کوارٹر فائنل میچ میں، بھارت کا مقابلہ میزبان چین سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------